ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (212)

09-04-2023

**بہاول پور (        ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں کی ایسٹر کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات۔تفریحی مقامات و پارکس وغیرہ پر بھی سیکیورٹی کے انتظامات۔سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں کی ایسٹر کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ایسٹر کے موقع پر ضلع بہاولپور میں 30 چرچوں میں 29 پروگرام کا انعقاد ہوا جس میں "A" کیٹگری کا 01، "B" کیٹگری کا 01اور "C" کیٹگری کے کل 27 پروگرام شامل ہیں۔ 400 سے زائد پولیس افسران واہلکار نے اپنے فرائض سرانجام دیے۔اس کے علاوہ ڈولفن فورس، ایلیٹ فورس اور ایگل اسکواڈ گردونواح میں گشت پر موجود رہے۔ چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔تفریحی مقامات و پارکس وغیرہ پر بھی سیکیورٹی سخت کے انتظامات کیے گئے۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا گیا،ارد گرد ماحول اور مشکوک افراد کی نگرانی بھی کی گئی۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور: پولیس کی جانب سے مسیحی عبادت گاہوں کی ایسٹر کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے ڈی ایس پی اظہر حسین کے ٹرانسفر ہونے پر پر تکلف الوداعی عشائیہ کا اہتمام

PUNJAB POLICE BAHAWALPUR



بہاولپور: پولیس اور گریٹ پاکستان لوورز سوسائٹی کے درمیان MOU پر دستخط




بہاول پور 18ویں چولستان ڈیزرٹ جیپ ریلی 2023 کے موقع پر سکیورٹی انتظامات مکمل، بہاولپور پولیس کی جانب سے ڈیوٹی پلان جاری